ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز

17.06.2021

**بہاولپور() ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران کی ضلع میں امن وامان کی صورتحال کو بہتر بنانے کے ساتھ ساتھ "اوپن ڈور پالیسی" پر بھی عملدرآمد، کھلی کچہری میں 40 شہریوں نے اپنے مسائل بیان کیے۔سٹی سرکل کے ایس ایچ اوز کھلی کچہری میں طلب، فوری کارروائی کے احکامات جاری۔**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب انعام غنی اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کیپٹن (ر) ظفر اقبال اعوان کی اوپن ڈور پالیسی کے پیش نظر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران نے گزشتہ روز بھی کھلی کچہری کا سلسلہ جاری رکھا۔40 معزز شہریوں نے اپنے مسائل ڈی پی او کے سامنے رکھے۔ڈی پی او نے سٹی سرکل کے ایس ایچ اوز کو فزیکلی کھلی کچہری میں طلب کر کے سائلین کے سامنے متعین شدہ وقت میں کارروائی کرنے کیلئے احکامات دیے۔ڈی پی او نے باقی ضلع کے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو کال کر کے اوپن سپیکر پر احکامات جاری کئے جس پر شہریوں نے اس منفرد اقدام کو لائق تحسین قرار دیا۔اس موقع پر ڈی پی او محمد فیصل کامران نے پولیس افسران کو کہا کہ کارروائی کرنے کے بعد مجھے میرے پرسنل نمبر پر پراگرس نوٹ کروائیں گے اور سائلین سے بات کرتے ہوئے کہا کہ میں کھلی کچہری سے جانے والی تمام درخواستوں کا ڈیلی بیسز پر خود فالواپ لیتا ہوں، آپکے مسائل حل کرنا ہی میری پولیسنگ کا مرکزی سپرٹ ہے۔میرے دفتر کے دروازے عوام کیلئے ہمیشہ کھلے ہیں۔



بہاول پور: ڈی پی او محمد فیصل کامران کھلی کچہری میں آئے سائلین کے مسائل سن کر متعلقہ افسران کو احکامات جاری کرتے ہوئے۔

عمر سلیم

ترجمان پولیس

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز

17.06.2021

**بہاول پور() پولیس کا ٹک ٹاک پر اسلحہ کی نمائش کرنے والے شخص کے خلاف ایکشن،مختلف کارروائیوں میں پولیس نے بھاری مقدار اسلحہ اور شراب برآمد کر کے مقدمات درج کر لیے،سوشل میڈیا کے ذریعے خوف و ہراس پھیلانے کی کسی کو اجازت نہیں،ایسے جرائم کی روک تھام کے لیے اقدامات کر رہے ہیں تا کہ معاشرے میں بدامنی کا خاتمہ کیا جا سکے،ڈی پی او محمد فیصل کامران۔**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب انعام غنی اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کیپٹن (ر) ظفر اقبال اعوان کی سماج دشمن عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن کے حوالے سے جاری ہدایات پر عمل کرتے ہوئے ڈی پی او محمد فیصل کامران نے ضلعی پولیس کو سماج دشمن عناصر کے خلاف بھرپور کارروائیوں کا حکم دیا،سوشل میڈیا کا Misuse کر کے ٹک ٹاک کے ذریعے ناجائز اسلحہ کی نمائش کی جس سے شریف شہریوں میں ناپسندیدگی اور خوف و ہراس پیدا ہوا جس پر تھانہ ہیڈ راجکاں پولیس نے فوری ایکشن لیتے ہوئے ملزم حسن اقبال کو جدید تکنیکی ذرائع کا استعمال کرتے ہوئے ٹریس کر کے گرفتار کرنے کے بعد مقدمہ درج کر لیا۔اسی طرح پولیس تھانہ عباس نگر،سٹی یزمان اور صدر احمد پور شرقیہ نے الگ الگ کارروائیاں کرتے ہوئے 170 لیٹر شراب، 01 چالو بھٹی، ناجائز اسلحہ کلاشنکوف، پسٹل 30 بور برآمد کر کے ملزمان محمد وسیم، ذیشان، محمد علی اور ساجد حسین کو گرفتار کر کے ان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر لیے،تھانہ ہیڈ راجکاں پولیس نے مجرم اشتہاری کو پناہ اور فرار ہونے میں مدد دینے پر ملزم محمد منشاء کو بھی حوالات بند کیا۔ڈی پی او محمد فیصل کامران نے اس موقع پر کہا کہ سوشل میڈیا کے ذریعے خوف و ہراس پھیلانے کی کسی کو اجازت نہیں، ایسے جرائم کی روک تھام کے لیے اقدامات کر رہے ہیں تا کہ معاشرے میں بدامنی دہشت پھیلانے والے عناصر کا خاتمہ کیا جا سکے۔

عمر سلیم

ترجمان پولیس



بہاول پور: پولیس کی سماج دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں، مقدمات درج،ملزمان پولیس حراست میں موجود۔

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز

17.06.2021

**بہاولپور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران کی سٹی اور صدر سرکل کے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کے ساتھ کرائم میٹنگ۔قتل،ڈکیتی سمیت دیگر سنگین مقدمات زیر بحث آئے۔تمام زیر تفتیش مقدمات کو اور ملزمان کی گرفتاریوں کیلئے ڈیڈ لائن دے دی گئی۔پکار 15 کی کال پر فوری رسپانس کا حکم۔**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب انعام غنی اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کیپٹن (ر) ظفر اقبال کی کرائم کنٹرول کے حوالے سے پالیسی کو مدنظر رکھتے ہوئے کرائم کنٹرول اور کرائم ٹریسنگ پر سٹی اور صدر سرکل کے افسران سے میٹنگ کی۔میٹنگ کے دوران قتل،ڈکیتی اور دیگر سنگین مقدمات زیر بحث آئے۔ڈی پی او نے کرائم برخلاف پرسن اور کرائم برخلاف پراپرٹی کا گراف چیک کیا۔ درج شدہ مقدمات کو ٹریس کرنے،مسروقہ پراپرٹی کو برآمد کرنے اور ملزمان کی گرفتاریوں کیلئے متعلقہ افسران کو ٹاسک دے دیا۔موٹرسائیکل اور گاڑیوں کی چوری کی روک تھام کیلئے احتیاطی اقدامات کو یقینی بنایا جائے۔چوری شدہ وہیکلز کو برآمد کریں۔قتل کے مقدمات کے ملزمان کو فرانزک رپورٹ اور سائنسی ٹیکنالوجی کے ذریعے شواہد کی روشنی میں قانون کے کٹہرے میں کھڑا کریں۔کرائم پاکٹس میں مؤثر گشت کریں اور پکار 15 کی کال پر رسپانس میں تاخیر کسی صورت برداشت نہیں۔کھلی کچہری کا ذکر کرتے ہوئے ڈی پی او نے کہا کہ میرے دفتر سے آنے والی درخواستوں کو طے شدہ وقت میں فوری حل کریں۔رقم کے لین دین اور چیک ڈس آنر جیسے مقدمات کو اپنی نگرانی میں سنیں اور شواہد کی روشنی میں مقدمات کو یکسو کریں۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران نے کہا کہ تھانے میں آنے والے ہر شہری کی درخواست کو ای ٹیگ لگانے کے بعد قابل دست اندازی وقوع کی فوری ایف آئی آر دیں۔اگر کسی شخص نے کھلی کچہری میں آکر مقدمہ درج نہ کرنے کی یا تاخیر کرنے کی شکایت کی تو وہ متعلقہ آفیسر سخت محکمانہ احتساب کا سامنا کرے گا۔جس کی کوئی معافی نہیں ہوگی۔

عمر سلیم

ترجمان پولیس

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز

17.06.2021

**بہاولپور() ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران کا پولیس افسران اور اہلکاران کی ویلفیئر کے حوالے سے احسن اقدام۔ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن کے تعاون سے "پولیس موبائل ویکسی نیشن سروس" کا آغاز کردیا، جہاں پر پولیس کے جوان عوام کی حفاظت کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے سے لمحہ بھر بھی دریغ نہیں کرتے ،ان شہداء اور حاضر سروس پولیس افسران کی ویلفیئر بھی اولین ترجیحات میں شامل ہیں،ڈی پی او**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب انعام غنی اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کیپٹن (ر) ظفر اقبال اعوان کی پولیس افسران کی ویلفیئر کے حوالے سے اقدامات کو مزید آگے بڑھاتے ہوئے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران نے پولیس شہداء، حاضر سروس افسران اوران کی فیملیز کی ویلفیئر اور تحفظ کو مدنظر رکھتے ہوئے ''پولیس موبائل ویکسین سروس'' کا آغاز کردیا جس کے تحت کورونا ویکسین پولیس افسران اور شہداء کی فیملیز کے لیے Door Step پر میسر ہوگی،جس کے لیے سب انسپکٹر خرم ذکاء کو فوکل پرسن مقرر کیا۔ تاکہ پولیس افسران کسی بھی پریشانی سے بچنے کے لیے مندرجہ بالا موبائل فون نمبر پر رابطہ کرکے گھر بیٹھے COVID ویکسین لگوا سکیں، ڈی پی او محمد فیصل کامران نے اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا مجھے فخر ہے کہ میں اس فورس کو کمانڈ کررہا ہوں جس کے افسران اور جوان اپنے فرض کی راہ میں جان قربان کرنے میں ایک لمحہ بھی نہیں ہچکچاتے اسی طرح پولیس ڈیپارٹمنٹ کی ذمہ داری ہے کہ اپنے شہداء کی فیملیز اور پولیس افسران کی ویلفیئر کے لیے تمام ممکن اقدامات کرے یہ اقدام بھی اس سلسلے کی ایک کڑی ہے۔

عمر سلیم

ترجمان پولیس